# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: عقیدہ وعلم الکلام (3921) — سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1-4)

سوال نمبر 1: دین، اسلام اور ایمان کے لغوی و شرعی مفہوم کا مختصر تقابلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 2: عقیدۂ توحید کا معنی بیان کرتے ہوئے شرک کی مختلف اقسام کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: نبی اور رسول کا فرق بیان کرتے ہوئے عقیدۂ ختمِ نبوت کے نصوص واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: ملائکہ کی حقیقت کیا ہے اور چار بڑے فرشتوں کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5: وحی کا لغوی و اصطلاحی معنی اور نزولِ وحی کے اہم طریقوں کی وضاحت کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1: قضاءوقدر اور مسئلہ جبر واختیار کا مفہوم تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2: عقیدۂ آخرت کا مفہوم بیان کرتے ہوئے قیامت کی صغریٰ و کبریٰ علامات لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3: علم الکلام کی تعریف، اس کی غرض وغایت اور ارتقائی مراحل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4: اہل السنت والجماعت کے مکاتبِ فکر (اشاعرہ، ماتریدیہ) کا فرق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر5: واجب الوجود کی تعریف کرتے ہوئے اللہ تعالی کی صفاتِ متشابہات کا حکم بیان کریں۔ (20)